علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
کلیہ عربی و علوم اسلامیہ
(شعبہ قرآن و تفسیر)

وارننگ

عزیز طلبہ!

آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس کا نام:۔ فہم قرآن (تجوید، ترجمہ اور تفسیر) (4935) سمسٹر: خزاں **2025** ء

سطح: بی۔ایس علوم اسلامیہ (تخصص قرآن و تفسیر)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1. تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول کی جائیں گی۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالبِ علم ہی ہو گا۔
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر: 100 (یونٹ نمبر: 1تا5) کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ تجوید کا لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کیجیے اور قرآن و حدیث کی روشنی میں تجوید کی اہمیت بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ مخارج حروف کی تعداد کا تعین کیجیے اور مخارج کے اعتبار سے حروف کے گروپ بنائیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ آیت الکرسی میں مذکور اللہ تعالیٰ کی صفات کی فہرست مرتب کیجیے اور مفسرین کی توضیحات کی روشنی میں ان صفات کا مفہوم سپردِ قلم کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ سورۃ النور کے مضامین بیان کرتے ہوئے موجودہ دور میں ان کی اہمیت و معنویت کے بارے جامع مضمون لکھیے۔ (20)

سوال نمبر5۔ آیت المداینہ کی روشنی میں لین دین اور اس کے ضمن میں قرض کے معاہدے کے قرآنی احکام تحریر کیجیے۔ (20)

امتحانی مشق نمبر2

کل نمبر:100 (یونٹ:6تا9) کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ آیت نور کا ترجمہ اور تفسیر تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر2۔ سورۃ یسٓ کی فضیلت لکھیے اور سورۃ یسٓ میں اللہ کی وحدانیت اور تخلیق کے بارے میں مندرجات تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر3۔ سورۃ المومنون سے مومنین کی صفات کے بارے میں مذکور آیات کا ترجمہ اور تفسیر تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر4۔ سورۃ الملک کے مضامین تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر5۔ اللہ تعالیٰ کے وجود اور آخرت کے ثبوت پر دلائل سورۃ الملک کی روشنی میں تحریر کیجیے۔ (20)